© rasailojaraid.com


ابو النظر صاحب! دیکھیے حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ بنی اسرائیل کے لیے مسخ صوری کے معتقد
ہیں۔ آپ طویل طویل تقاریر سے ضمائر کے مرجع تلاش کرنے اور مزاج کی صور نوعیہ کی تحلیل میں مصروف عمل
ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ "مسخ قوم بصورتہ" بس یہ ایک جملہ ہی آپ کے اطمینان کے لیے کافی سے زیادہ سامان اپنی
آغوش میں لیے ہوئے ہے۔ اسی کو بار بار پڑھیے اور اپنے جدید غیر فطری نظریہ سے تائب ہونے کی فکر کیجیے
اس لیے کہ آپ نے ایک مسخ کا انکار کرتے کرتے تمام معجزات کے حسی اور صوری ہونے کا انکار کر دیا۔

# ندوۃ المصنفین کی نئی کتاب

# غلامانِ اسلام

تالیف مولانا سعید احمد صاحب ایم اے مدیر "برہان"

اس کتاب میں ان بزرگان اسلام کے سوانح حیات جمع کیے گئے ہیں جنھوں نے غلام یا آزاد کردہ غلام ہونے کے باوجود ملت کی عظیم خدمات انجام دی ہیں اور جن کے علمی، مذہبی، تاریخی، اصلاحی اور سیاسی کارنامے اس قدر شاندار اور اس قدر روشن ہیں کہ اُن کی نام نہاد غلامی پر آزادی کو رشک کرنے کا حق حاصل ہے، اور جن کو اسلامی سوسائٹی میں عظمت واقتدار کا فلک الافلاک سمجھا گیا ہے۔

حالات کے جمع کرنے میں پوری تحقیق وکاوش سے کام لیا گیا ہے۔ اور یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ ایسی محققانہ مفید، دلچسپ اور معلومات سے پر کتاب اس موضوع پر اب تک کسی زبان میں شائع نہیں ہوئی۔ اس کتاب کے مطالعہ سے غلامانِ اسلام کے حیرت انگیز اور شاندار کارناموں کا نقشہ آنکھوں میں سما جاتا ہے۔ صفحات ۵۵۲ تقطیع ۲۰×۲۶

قیمت مجلد سنہری صہ، غیر مجلد للعہ ملنے کا پتہ:۔ ندوۃ المصنفین قرولباغ۔ نئی دہلی

© rasailojaraid.com